29 ستمبر 2026ء

# سرکاری ڈیوٹیز/ٹیکسز کی 30 ستمبر 2026ء کو وصولی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسز کی بذریعہ کاؤنٹر (او ٹی سی) ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی درخواست پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ تمام کمرشل بینکوں کی شاخیں **بدھ، 30 ستمبر 2026ء** کو توسیع شدہ اوقاتِ کار میں **رات 10:00 بجے تک** کھلی رہیں گی۔

مزید بر آں، بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ شاخیں **30 ستمبر 2026ء** کو اس وقت تک کھلی رکھیں جب تک نفٹ کی جانب سے سرکاری ٹرانزیکشن کے لیے خصوصی کلیئرنگ میں سہولت درکار ہو۔

بینک یہ بھی یقینی بنائیں گے کہ سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی آن لائن ادائیگی میں سہولت دینے کے لیے آن لائن ادائیگی کے ذرائع یعنی انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل ایپلی کیشن، اے ٹی ایم، اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارم بلا تعطل خدمات فراہم کرتے رہیں۔

*******